

# کیا آپ کو تحفظ کی ضرورت ہے؟

## 1. غیر ملکی شہری جب اٹلی میں داخل ہوتے ہیں تو ان کے کیا حقوق اور فرائض ہیں؟



خوش آمدید، آپ اٹلی میں پہنچ گئے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ یورپی یونین کے اندر ہیں۔
جو شخص بھی اٹلی پہنچتا ہے اسے اپنی شناخت کرانے کے لئے، خود کو قومی حکام کے سامنے پیش کرنا چاہئیے۔ پولیس سے مت گھبرائیں، کیوں کہ وہ آپ کی مدد اور آپ کی حفاظت کر سکتی ہے۔

شناخت کرانے کے لئے، آپ کو اپنا پہلا نام، آخری نام، تاریخِ پیدائش، جس ملک میں آپ پیدا ہوئے، اور آپ جس ملک کے شہری ہیں کو ایک صحیح اور مکمل انداز میں بتانا لازمی ہے۔ اگر اس مرحلے پر آپ کے پاس کوئی دستاویزات ہیں، تو انہیں دکھائیں۔
اگر آپ خاندانی اراکین کے ساتھ سفر کر رہے ہیں تو یہ اہم ہے کہ آپ بیان کریں۔ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ وجوہات کی وضاحت کریں کہ آپ نے اپنا ملک کیوں چھوڑا اور وجوہات کہ آپ اٹلی میں کیوں داخل ہوئے ہیں۔
شناخت کا طریقہ کار آپ کی تصویر اور فنگر پرنٹس لینے پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ تمام نئے آنے والوں کے لئے ایک معیاری طریقہ کار ہے۔



یہ اہم ہے کہ جو چیز آپ کو کیا بتایا جا رہا ہے وہ آپ صحیح سمجھ رہے ہیں اور جن دستاویزات پر آپ دستخط کرنے جارہے ہیں ان میں آپ کے بیانات صحیح طریقے سے ضبط کی گئی ہے۔ لہذا، اگر کوئی بات آپ کیلئے واضح نہیں ہے یا آپ کو کوئی شبہ ہیں، تو آپ ایک مترجم کی مدد سے وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔



آپ کو کام کرنے، تعلیم حاصل کرنے اور طبی امداد موصول کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

آپ ان دستاویز کے لئے درخواست دے سکتے ہیں جو آپ کو نوے دن تک یورپ میں سفر کرنے اور اردگرد جانے کی اجازت دیتی ہیں۔
یہ دستاویز آپ کے ماخذ ملک کی استثنیٰ کے ساتھ غیر یورپین ممالک میں بھی قابل قبول ہوں گی۔ کسی بھی صورت میں، جانے سے پہلے، ہمیشہ اس ملک کے سفارتخانے کو بتائیں جہاں آپ جانا چاہتے ہیں۔

آپ اپنے خاندان کو قانونی اور محفوظ طریقے سے خاندانی ملاپ نو نامی طریقہ کار کے ذریعے اٹلی لانے کا بھی حق رکھتے ہیں۔

یاد رکھیں، اگر آپ کو طریقہ کار کے کسی پہلو کے بارے میں کوئی شبہ ہے یا مزید معلومات کی ضرورت ہے، تو آپ جس مرکز میں قیام پذیر ہیں، تو اس مرکز کے قانونی نمائندے، UNHCR، UN پناہ گزین ایجنسی، یا اپنی پسند کی پناہ گزینی میں ماہر کسی اور تنظیم سے رابطہ کرسکتے ہیں۔


Progetto co-finanziato dall'Unione Europea
MINISTERO DELL'INTERNO
FONDO ASILO, MIGRAZIONE E INTEGRAZIONE (FAMI) 2014-2020


UNHCR
The UN Refugee Agency

**scan to find information**


| HELP.UNHCR.ORG | TELEGRAM | JAMAMAP.IT |
| --- | --- | --- |
| asylum, rights and duties, and dedicated service | Opportunities, events,and dedicated service | Service mapin 19 lenguages |

**HELPLINE**
**800 905 570**
**9:00 - 5:00 pm**
From Monday to Friday
numeroverderifugiati@arci.it
Lycamobile + 39342 775 4946

**IN CASE OF EMERGENCY**
24/7 - free - confidential

| Police and Ambulance | Antiviolence Helpline | Antitrafficking Helpline |
| --- | --- | --- |
| 112 | 1522 | 800 290 290 |
| | | LYCAMOBILE + 39342 775 4946 |

## 4. علاقائی کمیشن




اٹلی میں، آپ کی پناہ گزینی کی درخواست کی جانچ کے لئے ذمہ دار واحد ادارہ بین الاقوامی تحفظ کی تصدیق کے لئے علاقائی کمیشن ہے۔

آپ کی درخواست کا جائزہ ایک انٹرویو کے ذریعے لیا جائے گا جس میں آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ اپنی زبان اور ہم جنس مترجم کی موجودگی کا کہہ سکتے ہیں۔ آپ کا انٹرویو ویڈیو ریکارڈ کیا جا سکتا ہے۔ آپ کے متفق نہ ہونے کی صورت میں، آپ اپنی وجوہات کا کمیشن کے سامنے اظہار کر سکتے ہیں جو آپ کی درخواست پر فیصلہ کرے گا۔
تمام مراحل پر، لیکن خاص طور پر اس دوران، آپ کے پاس دستاویزات، ذاتی یاداشتیں، طبی سرٹیفکیٹ، تصاویر، یا دیگر ثبوت دکھانے کا موقع ہوتا ہے جسے آپ اپنی تحفظ کی درخواست کے لئے مفید سمجھتے ہیں۔

علاقائی کمیشن پناہ گزین کی حیثی یا ماتحت تحفظ فراہم کرسکتا ہے یا پھر منفی فیصلہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ اپنے آبائی ملک واپس جاتے ہیں، تو آپ کی زندگی کو خطرہ ہو سکتا ہے، تو مؤخر الذکر صورت میں، کمیشن پھر بھی آپ کو خصوصی تحفظ کے نام سے ایک تحفظ کی ایک اضافی صورت دے سکتا ہے۔
اگر آپ کمیشن کے فیصلوں سے اتفاق نہیں کرتے ہیں، تو آپ اپیل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ آپ مفت قانونی مدد کا بھی حق رکھتے ہیں۔

## 5. تحفظ کے حامل شخص کے حقوق




مہاجر کی حیثیت
ماتحت تحفظ




خصوصی تحفظ

تحفظ جاصل کرنے کی صورت میں آپ رہائشی اجازت نامہ کے مستحق ہو سکتے ہیں جو تحفظ کی نوعیت کے مطابق دورانیہ میں مختلف ہوتا ہے:
بین الاقوامی تحفظ کے صورت میں پانچ سال، یعنی پناہ گزین کی حیثیت اور ماتحت تحفظ؛ خصوصی تحفظ کی صورت میں دو سال۔
جب اس کی میعاد ختم ہوتی ہے، تو آپ اپنے رہائش کا اجازت نامہ کی تجدید کے لئے درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو کام کرنے، تعلیم حاصل کرنے اور طبی امداد موصول کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔

اگر آپ کو پناہ گزین کی حیثیت یا ماتحت تحفظ کی حیثیت حاصل ہے، تو

URD


اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ اکیلے سفر کر رہے ہیں، تو فوری طور پر حکام بالا، یا اگر کوئی انسانی فلاحی تنظیم موجود ہو، کو اطلاع دیں۔
اکیلے اٹلی آنے والے کم عمر بچے، اپنا تحفظ کیے جانے اور اپنے لئے وقف شدہ رہائشی کمپ تک رسائی حاصل کر نے کا حق رکھتے ہیں۔ وہ اٹلی میں رہنے اور ایک سرپرست کے ذریعے معاونت کیے جانے کا حق بھی رکھتے ہیں۔

اگر آپ کو کوئی صحت کا مسئلہ درپیش ہے یا دیگر خصوصی ضرورت ہے، تو فوری طور پر حکام یا، اگر کوئی انسانی فلاحی تنظیم موجود ہو، ان سے رجوع کریں۔




## 2. طریقہ کار تک رسائی


اگر آپ اپنے آبائی ملک واپس جانے سے خوفزدہ ہیں کیونکہ آپ یا آپکےخاندان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہے، تو آپ تحفظ کی درخواست کرنے کا حق رکھتے ہیں۔
اگر آپ کے پاس کوئی شہریت نہیں ہے اور آپ اپنی موجودہ رہائش کے ملک میں واپس جانے سے خوفزدہ ہیں کیونکہ آپ یا آپ کے خاندانی افراد کی زندگی خطرے میں ہے، تو آپ کو تحفظ کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔
اگر آپ کو ہراساں کی گئی ہیں یا اس وجہ سے ہراساں کی جانے کا خوف ہے آپ کی نسل، قومیت، یا برادری تعلق، مذہب، سیاسی رائے، اگر آپ کا تعلق کسی خاص سماجی گروہ سے ہے اور آپ کو تشدد یا غلامی کا نشانہ بننے کا خدشہ ہے، اگر آپ کو موت کی سزا ہونے، تشدد ہونے کا خوف ہے یا کسی جنگی علاقے سے آئے ہیں، تو آپ تحفظ طلب کر سکتے ہیں۔



اپنے ملک واپس جانے کا خوف ظاہر کرنے کے بعد، آپ کو حکام کی طرف سے پناہ کا طلبگار خیال کیا جاتا ہے۔
اس مرحلے پر، اگر ضرورت ہو، تو آپ کسی کمپ میں رہائش حاصل کرنے کا درخواست کر سکتے ہیں۔
اپنی پناہ کی درخواست رجسٹر کرنے کے لئے، آپ کو اطالوی پولیس سے لازماً رابطہ کرنا چاہیئے۔ پھر آپ کی درخواست ایک خصوصی کمیشن کو بھیج دی جائے گی جس کا کام آپ کے درخواست کا جائزہ لینا ہے۔



پولیس کا امیگریشن آفس، آپ کی زبان کے مترجم کے ساتھ مل کر، پھر C3 نامی ایک فارم کو پُر کرنے میں آپ کا مدد کرے گا، جو آپ کے برادری گروپ، آپ کی زبان، آپ کے مذہب جیسی کچھ مزید تفصیلی ذاتی معلومات پر مشتمل ہوتا ہے۔
اس مرحلے پر، حکام، آپ سے پوچھیں گے کہ آپ نے کیسے یورپ سفر کیا، آیا آپ کو اپنے ملک میں یا سفر کے دوران اذیت، صدمہ، تشدد اور نظربندی کا نشانہ بنایا گیا، یا کیا آپ سیاسی گروپ سے تعلق رکھتے ہیں، اٹلی یا یورپ میں آپ کے کوئی خاندانی اراکین ہیں اور کیا آپ کے پاس دستاویزات موجود ہیں۔




اگر آپ کو صحت کے مسائل یا مخصوص ضروریات ہیں، تو آپ ابھی اور طریقہ کار کے دوران کسی بھی وقت ان کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔ درحقیقت، اگر آپ سنگین امراض یا ذہنی پریشانی میں مبتلا ہیں، یا اذیت، عصمت دری یا دیگر سنگین صورتوں میں نفسیاتی، جسمانی یا جنسی تشدد کا شکار ہیں، تو آپ مناسب مدد اور خصوصی خدمات حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔



اگر آپ سنگین امراض یا ذہنی پریشانی میں مبتلا ہیں، یا اذیت، عصمت دری یا دیگر سنگین صورتوں میں نفسیاتی، جسمانی یا جنسی تشدد کا شکار ہیں، تو آپ مناسب مدد اور خصوصی خدمات حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

اس مرحلے پر، ان وجوہات کو واضح طور پر بیان کریں جس کی وجہ سے آپ تحفظ طلب کر رہے ہیں۔ اگر آپ ترجیح دیں، تو آپ ان وجوہات کو تحریری طور پر جمع کرا سکتے ہیں۔

یہ اہم ہے کہ آپ یہ سمجھ لیں کہ آپ کو کیا کہا جا رہا ہے اور آپ کے بیانات فارم پر صحیح طریقے سے درج کی جاتی ہے۔ اگر کوئی چیز واضح نہیں ہیں، تو مترجم کو وضاحت کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔
انٹرویو کے اختتام پر وہ آپ سے اس فارم پر دستخط کرنے کا کہیں گے اور ایک کاپی آپ کو دیں گے۔ اسے سنبھال کر رکھیں۔
آپ کی فراہم کی جانے والی تمام معلومات کو صیغہ راز میں رکھا جائے گا اور آپ کے آبائی ملک کے حکام، یا تیسرے ممالک کے ساتھ اشتراک نہیں کیا جائے گا۔

کچھ صورتوں میں، ایک مخصوص تیز طریقہ کار سے آپ کی تحفظ کی درخواست کا جائزہ لیا جا سکتا ہے جو مختصر مدت کے ساتھ ہے۔ صحت کے مسائل یا مخصوص ضروریات کے صورت میں، آپ اپنی درخواست کی ترجیحی جانچ کا حق رکھتے ہیں۔
یاد رکھیں، اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو، تو آپ مرکز کے قانونی مشیر یا امیگریشن آفس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔





### تحفظ

ایک پناہ کے متلاشی کی حیثیت سے، آپ کو حق حاصل ہے، کہ اگر آپ کو ضرورت ہو، تو کسی خاص کمپ میں آپ رہائش پذیر ہو جائے، عارضی رہائش کا اجازت نامہ دیا جائے اور آپ کی درخواست کی جانچ ہونے کا انتظار کرنے کے دوران اطالوی سرزمین میں رہنے دیا جائے۔ یاد رکھیں، جب تک آپ پناہ کے متلاشی ہیں آپ اطالوی سرزمین کو نہیں چھوڑ سکتے ہیں۔
فارم پُر کرنے کے دو مہینوں کے بعد آپ کو C3 اٹلی میں باقاعدگی سے کام کرنے کا حق حاصل ہے۔
یاد رکھیں، طریقہ کار کے دوران، آپ UNHCR، UN پناہ گزین ایجنسی، یا اپنی پسند کی پناہ گزینی میں ماہر کسی اور تنظیم سے رابطہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

جب تک آپ پناہ کے متلاشی ہیں آپ اطالوی سرزمین کو نہیں چھوڑ سکتے ہیں۔

## 3. ڈبلن ضابطہ



جس وقت سے آپ اس ملک میں ہیں، تو آپ کی حفاظت کرنا اور لہذا، تحفظ کے لئے آپ کی درخواست رجسٹر کرنا اٹلی کا فریضہ ہے۔
عموماً، آپ کی پناہ گزینی کی درخواست کی تشخیص کرنے کا ذمہ دار ملک وہ ہے جہاں سے آپ یورپ میں سب سے پہلے داخل ہوئے تھے۔ تاہم، اگر آپ کے خاندانی اراکین دوسرے یورپین ممالک میں رہتے ہیں، یا اگر آپ کے پاس دوسرے یورپین ممالک کے جاری کردہ دستاویزات ہیں، تو آپ کی درخواست کی دوسرا ملک بھی جانچ کر سکتا ہے، جہاں آپ کو قانونی اور محفوظ طریقے سے منتقل کیا جا سکتا ہے۔
اس وجہ سے، یہ اہم ہے کہ اگر آپ کے کسی اور یورپین ملک میں خاندانی رکن ہیں تو آپ حکام کو جلد از جلد مطلع کریں۔

اس طریقہ کار کو "ڈبلن طریقہ کار" کہا جاتا ہے، اور اس کا واحد مقصد اس ملک کی نشاندہی کرنا ہے جہاں آپ کی پناہ گزینی کا طریقہ کار عمل میں آئے گا، لیکن یہ ان وجوہات کا احاطہ نہیں کرتا کہ آپ نے تحفظ کے لئے کیوں درخواست کی ہے۔ ڈبلن کا طریقہ کار یورپین یونین کے ساتھ ساتھ تمام رکن ریاستوں ناروے، آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ اور لیچٹنسٹین پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

